اولیس از ڈاکٹر محمد یٰسین مظہر صدیقی۔ تفسیر سورۃ الحمد' عہد بہ عہد از مولانا یٰسین ندوی۔ اللہ تعالیٰ کی دو قرآنی صفات از مولانا ابوالاعلیٰ مودودی۔ الرحمٰن اور الرحیم کے تفسیری معارف از ڈاکٹر محمد طاہر القادری۔ اسماء حسنیٰ از مولانا مشتاق احمد تجاروی۔

عنوانات سے مضامین کی نوعیت و اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ مقالات جامع' سیر حاصل اور تحقیقی نوعیت کے ہیں اور بڑی محنت اور کد و کاوش سے تحریر کیے گئے ہیں۔ بعض مقالات بہت دلچسپ ہیں' مثلاً: مظہر صدیقی صاحب' جلد دوم میں شامل' اپنے مقالے میں بتاتے ہیں کہ متداول و مقبول تفاسیر قرآن میں بسملہ کی تفسیر صرف ایک جگہ سورہ فاتحہ سے قبل ملتی ہے حتیٰ کہ تمام (۱۱۴) سورتوں اور آیتوں کے درمیان ربط معنوی اور تسلسل مفہومی کے قائل مفسرین کرام بھی' بسملہ کی تفسیر صرف ایک جگہ کر کے فراغت پا لیتے ہیں اور بقیہ ۱۱۳ مقامات پر اس کی تفسیر' اس سورہ کے ربط و تناسب کے ساتھ نہیں کرتے' جس سے قبل بسملہ آتی ہے۔ صرف تین مفسرین ایسے ہیں جنھوں نے ہر نئی سورہ کے ساتھ بسملہ کی تفسیر بھی نئے انداز میں کی ہے جو' ان کے دعوے کے مطابق' اس سورۃ متعلقہ کے مناسب اور اس کے مضامین کے متعلق ہوتی ہے۔ یہ تین مفسر ہیں: امام قشیری' امام مہائمی اور امام بقاعی (ص ۶۳)۔ پھر مقالہ نگار نے ہر ہر سورہ کے ساتھ ان مفسرین کی تشریحات و تفسیر بسملہ کا تقابلی جائزہ لیا ہے اور ان کا الگ الگ مطالعہ بھی پیش کیا ہے۔ کہیں ان پر تنقید بھی کی ہے' مثلاً یہ کہ قشیری' اکثر صوفیاے کرام کی طرح علماے کرام اور علم کے خلاف وہی تعصب و عصبیت رکھتے ہیں جو علما کو عرفان' محبت' جذبے' احساس' وجدان اور روح سے خالی اور علم کے رسمی حجابات میں مستور بتاتی ہے۔ عالم و عارف کا فرق ان کے ہاں نہ صرف نمایاں ہے بلکہ وہ ایک کو روح و عرفان سے خالی اور دوسرے کو اس کا حاصل بتاتے ہیں۔ حالاں کہ یہ قرآنی حقیقت کے خلاف ہے (ص ۱۳۰-۱۳۱)۔ مصنف نے تینوں مفسرین کے تفسیری رجحانات اور ان کے انفرادی و امتیازی اوصاف کی طرف بھی اشارے کیے ہیں۔

زیر نظر قرآن نمبر کو "دو نسلوں کی عاجزانہ کاوش" قرار دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ ہر برس دو جلدیں چھاپنے کا پروگرام ہے اور تکمیل بہ شرط زندگی ۲۰۱۰ میں متوقع ہے۔ قرآن نمبر کا انگریزی ترجمہ بھی ۱۹۹۹ سے دستیاب ہو گا (دیباچہ جلد دوم)۔ یہ اعلان بھی کیا گیا ہے کہ نقوش کے ۵۰ سالہ انتخاب پر مشتمل نقوش کا گولڈن جوبلی نمبر بھی ۱۹۹۹ میں چھپنا شروع ہو جائے گا۔ اس کی کل سات جلدیں ہوں گی۔ زیر نظر جلدوں کا اہتمام صوری بھی لائق داد ہے۔ قیمت بہت ہی مناسب ہے۔

ادارہ دعاگو ہے کہ خدا جاوید طفیل صاحب کے نیک عزائم میں برکت دے' اور انھیں قرآن نمبر کا منصوبہ بہ حسن و خوبی تکمیل کرنے کی توفیق بخشے۔ (رفیع الدین ہاشمی)